© rasailojaraid.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

"وسطی ایشیا کے مسلمان" کی پانچویں جلد کی تکمیل پر نومبر۔ دسمبر ۱۹۹۷ء کے شمارے میں کئے گئے اعلان کے مطابق مجلّے کی سہ ماہی اشاعت کا اولین شمارہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔ اگرچہ فیصلہ یہ کیا گیا تھا کہ مجلّے کے صفحات ۳۲ سے بڑھا کر ۶۴ کردئے جائیں گے، تاہم سہ ماہی اشاعت کے اس پہلے شمارے کو ایران اور سابق سوویت ریاستوں کے مابین روابط کے عنوان سے خصوصی اشاعت کے طور پر پیش کیا جا رہا ہے اور یہ اس موضوع پر ایک طویل مقالے پر مشتمل ہے جس کو مقررہ ۶۴ صفحات میں سمونا ممکن نہیں تھا۔ چنانچہ اس کے صفحات مقررہ تعداد سے کہیں بڑھ گئے ہیں۔ اس خصوصی اشاعت کی قیمت پچاس روپیہ رکھی گئی ہے تاہم مستقل قارئین کو اضافی رقم کی ادائیگی سے مستثنیٰ رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

"وسطی ایشیا کے مسلمان" سوویت یونین کے زوال کے بعد سے، اردو زبان میں سابق سوویت ریاستوں کے سیاسی، سماجی، ثقافتی اور اقتصادی احوال سے متعلق معلومات فراہم کرنے والا واحد مجلّہ ہے۔ اسے بہتر سے بہتر بنانے کے سلسلے میں ہمیں اپنے قارئین اور بعض اہل علم و دانش کا تعاون حاصل رہا ہے۔ ہمیں امید ہے مجلّہ اس نئی شکل میں بھی آپ کو پسند آئے گا۔ اس سلسلے میں آپ کی آراء و تجاویز کا خیر مقدم کیا جائے گا۔ سہ ماہی اشاعت کے اس پہلے شمارے کی اشاعت میں غیر معمولی تاخیر کے لیے ہم اپنے قارئین سے معذرت خواہ ہیں۔



© rasailojaraid.com